## سوال

(580)موبائل سے اسلامی میسجز کو ڈیلیٹ کرنے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آج کل ہم لوگ موبائل کا استعمال بہت زیادہ کرتے ہیں،اگراس نیت سے کہ کسی کو کچھ فائدہ ہوجائیں موبائل پر اسلامی میسج مثلا" قرآن کی آیات یا حدیث شریف یا کوئی اور اسلامی میسج اگرکسی کو سینڈ کرتے ہیں اور وہ اس میسج کو ڈیلیٹ کریں تو کیا اس میں گناہ ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

ایسا کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، کیونکہ یہ ایک مجبوری ہے، ورنہ میموری فل ہوجانے پر کوئی نیا میسج نہیں آئے گا۔ یہ ایسے ہی ہے جیسے آپ موبائل بند کردیں، یا آپ گھر کے کمپیوٹر سے کوئی تلاوت وغیرہ ڈیلیٹ کر دیں یا کمپیوٹر بند کر دیں۔ لیکن یاد رہے کہ ڈیلیٹ کرنے میں نفرت یا بغض شامل نہیں ہونا چاہئے، بلکہ احترام کے پیش نظر یہ امر انجام دینا چاہئے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

# فتاویٰ علمائے حدیث

## کتاب الصلاۃ جلد 1